حقائق نامہ:
عنوان VI کے تحت اپنے حقوق جانیں
حقیقی یا فرضی مشترکہ آبائی یا علاقائی خصوصیات کی بنیاد پر امتیازی سلوک کے خلاف تحفظ

امریکی محکمہ زراعت (USDA) کے دفتر برائے معاون سیکرٹری بابت شہری حقوق (OASCR) شہری حقوق ایکٹ 1964 کے عنوان VI، 42 U.S.C. § 2000d اور بحوالہ مندرج اور اس کے نافذ کردہ ضوابط، 7 C.F.R. پارٹ 15 (عنوان VI) کا نفاذ کرتا ہے۔ عنوان USDA VI کی جانب سے وفاقی مالی امداد موصول کرنے والے اداروں (جیسے، ریاستی اور مقامی ایجنسیز، تعلیمی ادارے، غیر منافع بخش تنظیمیں اور دیگر غیر وفاقی ادارے)میں افراد کو نسل، رنگت، یا قومی حسب نسب کی بنیاد پر امتیازی سلوک کا شکار بننے سے تحفظ دیتا ہے۔

یہ حقائق نامہ ان افراد کے لیے جو یہودی، عیسائی، مسلمان، سکھ، ہندو، بدھ مت، یا دیگر مذہبی گروپ سے ہوں یا فرض کیے جاتے ہوں، ان کے لیے عنوان VI میں حفاظتی اقدامات کا احاطہ کرنے والے طریقہ کاروں کی وضاحت کرتا ہے۔

امتیازی سلوک کے خلاف عنوان VI میں حفاظتی اقدامات:

1. نسل، رنگت، یا قومی حسب نسب کی بنیاد پر امتیازی سلوک کے ضمن میں عنوان VI کا تحفظ ان افراد تک وسیع ہے جو، ہراسانی سمیت، اپنی حقیقی یا فرضی: (i) مشترکہ آبائی یا علاقائی خصوصیات؛ یا (ii) کسی غالب مذہب یا مخصوص مذہبی شناخت کے حامل ملک میں شہریت یا رہائش گاہ، کی بنیاد پر امتیازی سلوک کا سامنا کرتے ہیں۔

2. عنوان VI کسی مذہب کے پیروکار، جیسے یہودی، عیسائی، مسلمان، سکھ، ہندو، یا بدھ مت کے افراد کے خلاف نسل، رنگت، یا قومی حسب نسب کی بنیاد پر امتیازی سلوک روا رکھنے سے روکتا ہے، جب امتیازی سلوک، مثال کے طور پر، درج ذیل کی بنیاد پر برتا جائے:

   - نسلی، علاقائی، یا آبائی بہتان و تہمت یا دقیانوسی تصورات؛
   - ان کی ظاہری شخصیت بشمول جلد کی رنگت، جسمانی خدوخال، یا علاقائی اور مذہبی رواجوں کی نمائندگی کرتے پہناوے کا انداز؛ اور
   - غیر ملکی لب و لہجہ، غیر ملکی نام، بشمول مخصوص مشترکہ آبائی یا علاقائی خصوصیات سے منسلک عمومی نام یا غیر ملکی زبان بولنا۔

3. چونکہ عنوان VI افراد کو محض مذہبی بنیاد پر امتیازی سلوک سے تحفظ فراہم نہیں کرتا، اس لیے USDA ان شکایات کو امریکی محکمہ انصاف (DOJ) کو بھیجتا ہے، جو اس مسئلے پر کارروائی کا اختیار رکھتا ہے۔ مخصوص پروگرامز میں، USDA صرف مذہب کی بنیاد پر امتیازی سلوک کی انتظامی شکایات پر کررروائی کر سکتا ہے اگر ان پروگرامز کو اختیار دینے والے قوانین مذہبی امتیاز کا احاطہ کرتے ہیں۔

واقعات کی ان اقسام کی مثالیں جو کہ، حقائق اور حالات و واقعات کی بنیاد پر، عنوان VI کے خدشات کو بڑھا سکتی ہیں، ان میں درج ذیل شامل ہیں:

- اجناس کا اضافی غذائی پروگرام (CSFP) کا حصے دار جو کہ ایک یہودی ہے اور جس نے کپاہ (ٹوپی) پہن رکھی ہے، غذائی ڈبہ لینے کے لیے غذائی گودام میں داخل ہوتا ہے۔ حصہ دار یہ رپورٹ کرتا ہے کہ CSFP رضاکار نے ہالوکاسٹ کے بارے میں مذاق کیا اور اسے غذائی ڈبہ دینے سے انکار کر دیا۔ CSFP کا انتظام چلانے والی ریاستی ایجنسی نے اس رپورٹ کو حل کرنے کے لیے کوئی اقدامات نہیں اٹھائے۔

- ایک دیہاتی افغانی مالک مکان کی جانب سے جدید ترین تیز رفتار براڈبینڈ سروس کی فراہمی سے انکار کے خدشات اطلاع ملی۔ اس کے تمام ہمسائے جدید ترین سروس موصول کرتے ہیں۔ سروس فراہم کار USDA سے دیہی ترقی کے ذریعے وفاقی مالی امداد وصول کرتا ہے۔ سروس فراہم کار مالک مکان کو "دہشت گرد" بولتا ہے اور مالک مکان کی رپورٹ کو حل کرنے کے لیے کوئی اقدامات نہیں اٹھاتا۔

- ایک سکھ جو پگڑی (دستار) پہنتا ہو، بتاتا ہے کہ اسکی لاج (ski lodge) کے ملازم نے اس کے لہجے کا مذاق اڑایا۔ ملازم سکھ فرد کو اپنے خاندان کے لیے اسکی کے لفٹ ٹکٹس خریدنے کی اجازت نہیں دیتا۔ ملازم بتاتا ہے کہ اس کے خیال میں انہیں یہ پسند نہیں آئے گا کیونکہ جہاں سے وہ آئے ہیں وہاں کوئی اسکی نہیں کرتا۔ ریزارٹ فارسٹ سروس کی جانب سے وفاقی مالی امداد وصول کرتا ہے۔ اسکی ریزارٹ مبینہ طور پر ان رپورٹ کو حل کرنے کے لیے کوئی عملی کرروائی نہیں کرتا۔

اگر کوئی فرد مشترکہ آبائی یا علاقائی خصوصیات کی بنیاد پر امتیازی سلوک کا سامنا کرتا ہے تو وہ کیا کر سکتا ہے؟

اگر کسی فرد کو لگتا کہ اس کے ساتھ مشترکہ آبائی یا علاقائی خصوصیات کی بنیاد پر امتیازی سلوک برتا گیا ہے تو وہ OASCR کو امتیازی سلوک کی سکایت درج کروا سکتا ہے۔ شکایت درج کرنے کے لیے، www.usda.gov/oascr/filing-program-discrimination-complaint-usda-customer ملاحظہ کریں۔

اضافی ذرائع

اگر آپ کے کوئی سوالات ہیں یا تکنیکی معاونت چاہتے ہیں، تو براہ کرم USDA دفتر برائے معاون سیکرٹری بابت شہری حقوق سے www.usda.gov/oascr/home پر وزٹ کر کے رابطہ کریں۔

آپ معاون سیکرٹری برائے شہری حقوق کے دفتر کی معلوماتی تحقیق کی خدمت سے (866) 632-9992 (ٹول فری) پر رابطہ کر سکتے ہیں یا دفتر برائے معاون سیکرٹری بابت شہری حقوق کو CR-INFO@usda.gov پر ای میل کر سکتے ہیں۔ قوت سماعت سے محروم، سننے میں مشکلات، بول چال کی معذوریوں کے حامل افراد ہمیں بذریعہ ٹیلی کمیونکیشن ریلے سروس 711 پر یا (800) 845-6136 (ہسپانوی) پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

براہ کرم نوٹ فرمائیں یہ ذرائع قانونی اختیار یا اثر نہیں رکھتے۔ USDA کا عنوان VI کے نفاذ کی بنیاد عنوان VI اور اس کے نافذ کردہ ضوابط ہیں۔ USDA مساوی مواقع فراہم کار، آجر اور قرض دہندہ ہے۔